عَثَرَاتِ ٱلْكِرَامِ مِنْكَ بِمُكَافَأَتِكَ لَهُ بِٱلضِّيقِ وَٱلْحَبْسِ وَٱلْحَدِيدِ ثُمَّ بِٱلضَّرْبِ". فَفَعَلَتْ جَارِيَتُهَا ذٰلِكَ. فَلَمَّا سَمِعَ خُزَيْمَةُ قَوْلَهَا، قَالَ: "وَاسَوْءَتَاهُ! جَابِرُ عَثَرَاتِ ٱلْكِرَامِ غَرِيمِي؟" قَالَتْ: "نَعَمْ". فَأَمَرَ لِوَقْتِهِ بِدَابَّتِهِ، فَأُسْرِجَتْ. وَرَكِبَ إِلَى وُجُوهِ أَهْلِ ٱلْبَلَدِ. فَجَمَعَهُمْ، وَسَارَ بِهِمْ إِلَى بَابِ ٱلْحَبْسِ. فَفَتَحَهُ، وَ دَخَلَ، فَرَأَى عِكْرِمَةَ ٱلْفَيَّاضَ فِي قَاعِ ٱلْحَبْسِ مُتَغَيِّرًا، قَدْ أَضْنَاهُ ٱلضُّرُّ. فَلَمَّا نَظَرَ عِكْرِمَةُ إِلَى خُزَيْمَةَ، وَ وُجُوهُ أَهْلِ ٱلْبَلَدِ مَعَهُ، أَحْشَمَهُ ذٰلِكَ، فَنَكَّسَ رَأْسَهُ. فَأَقْبَلَ خُزَيْمَةُ، وَ أَكَبَّ عَلَى رَأْسِهِ، فَقَبَّلَهُ. فَرَفَعَ عِكْرِمَةُ رَأْسَهُ، وَقَالَ: "مَا أَعْقَبَ هٰذَا مِنْكَ؟" قَالَ خُزَيْمَةُ: "كَرِيمُ فَعَالِكَ وَسُوءُ مُكَافَأَتِي". فَقَالَ لَهُ عِكْرِمَةُ: "يَغْفِرُ ٱللهُ لَنَا وَلَكَ". ثُمَّ إِنَّ خُزَيْمَةَ أَمَرَ بِقُيُودِهِ أَنْ تُفَكَّ، وَأَنْ تُوضَعَ فِي رِجْلَيْهِ نَفْسِهِ.

فَقَالَ لَهُ عِكْرِمَةُ: "مَا مُرَادُكَ بِذٰلِكَ؟" قَالَ: "مُرَادِي أَنْ يَنَالَنِي مِنَ ٱلضُّرِّ مَا نَالَكَ". فَقَالَ لَهُ عِكْرِمَةُ: "أُقْسِمُ عَلَيْكَ بِٱللهِ، أَنْ لَا تَفْعَلَ". وَبَعْدَ ذٰلِكَ خَرَجَا جَمِيعًا، وَجَاءَا إِلَى دَارِ خُزَيْمَةَ. فَوَدَّعَهُ عِكْرِمَةُ، وَأَرَادَ ٱلِٱنْصِرَافَ، فَلَمْ يُمَكِّنْهُ مِنْ ذٰلِكَ. ثُمَّ أَمَرَ خُزَيْمَةُ بِٱلْحَمَّامِ، فَأُخْلِيَ، وَدَخَلَا جَمِيعًا. وَقَامَ خُزَيْمَةُ نَفْسُهُ، فَتَوَلَّى خِدْمَةَ عِكْرِمَةَ. ثُمَّ خَرَجَ، فَخَلَعَ عَلَيْهِ، وَحَمَلَ إِلَيْهِ مَالًا كَثِيرًا، وَسَأَلَهُ أَنْ يَسِيرَ مَعَهُ إِلَى أَمِيرِ ٱلْمُؤْمِنِينَ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ ٱلْمَلِكِ، وَكَانَ يَوْمَئِذٍ مُقِيمًا فِي ٱلرَّمْلَةِ. فَسَارَ مَعَهُ حَتَّى قَدِمَا عَلَى سُلَيْمَانَ. فَدَخَلَ ٱلْحَاجِبُ، وَأَخْبَرَهُ بِقُدُومِ خُزَيْمَةَ ٱبْنِ بِشْرٍ. فَرَاعَهُ ذٰلِكَ، وَقَالَ فِي نَفْسِهِ: "وَالِي ٱلْجَزِيرَةِ يَقْدَمُ عَلَيْنَا بِغَيْرِ أَمْرِنَا مَعَ قُرْبِ ٱلْعَهْدِ بِهِ. مَا هٰذَا إِلَّا لِحَادِثٍ عَظِيمٍ". فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ، قَالَ: "مَا وَرَاءَكَ؟"

يَا خُزَيْمَةُ!" قَالَ: "خَيْرٌ، يَا أَمِيرَ ٱلْمُؤْمِنِينَ!" قَالَ: "فَمَا أَقْدَمَكَ؟" قَالَ: "يَا أَمِيرَ ٱلْمُؤْمِنِينَ! إِنِّي ظَفِرْتُ بِجَابِرِ عَثَرَاتِ ٱلْكِرَامِ. فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَسُرَّكَ لِمَا رَأَيْتُ مِنْ شَوْقِكَ إِلَى رُؤْيَتِهِ". قَالَ: "وَمَنْ هُوَ؟" قَالَ: "عِكْرِمَةُ ٱلْفَيَّاضُ". فَأَذِنَ لَهُ فِي ٱلدُّخُولِ. فَدَخَلَ، وَسَلَّمَ عَلَيْهِ بِٱلْخِلَافَةِ، فَرَحَّبَ بِهِ، وَأَدْنَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ، وَقَالَ لَهُ: "يَا عِكْرِمَةُ! قَدْ كَانَ خَيْرُكَ لَهُ وَبَالًا عَلَيْكَ". ثُمَّ إِنَّ ٱلْخَلِيفَةَ قَالَ لَهُ: "ٱكْتُبْ حَوَائِجَكَ وَمَا تَخْتَارُهُ فِي رُقْعَةٍ". فَكَتَبَهَا، فَقُضِيَتْ عَلَى أَتَمِّ وَجْهٍ. ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِعَشَرَةِ آلَافِ دِينَارٍ، وَأَضَافَ لَهُ شَيْئًا كَثِيرًا مِنَ ٱلتُّحَفِ وَٱلطُّرَفِ، وَوَلَّاهُ عَلَى ٱلْجَزِيرَةِ وَأَرْمِينِيَةَ وَأَذْرَبِيجَانَ، وَقَالَ لَهُ: "أَمْرُ خُزَيْمَةَ بِيَدِكَ. إِنْ شِئْتَ، أَبْقَيْتَهُ، وَإِنْ شِئْتَ، عَزَلْتَهُ". قَالَ: "بَلْ رُدَّهُ إِلَى عَمَلِهِ مُكَرَّمًا، يَا أَمِيرَ ٱلْمُؤْمِنِينَ!"

ثُمَّ إِنَّهُمَا ٱنصَرَفَا جَمِيعًا، وَ لَمْ يَرَ الأَعَامِلَيْنِ لِسُلَيْمَانَ مُدَّةَ خِلافَتِهِ.

أَللُّغَاتُ

ہدایات

۱۔ مشکل الفاظ کی تشریح ترتیب وار بقیدِ صفحہ و سطر درج کی گئی ہے۔ پہلا عدد صفحے کا ہے اور دوسرا سطر کا۔

۲۔ مفرد اسما کے معنے لکھنے کے بعد اُن کے جمع کے صیغے "ج" کے بعد درج کئے گئے ہیں، اور جمع کی صورت میں معنوں سے پہلے قوسین کے اندر مفرد کے صیغے۔

۳۔ جو الفاظ تشریح کے لئے انتخاب کئے گئے ہیں، انہیں حتی الوسع اصلی صورت میں قائم رکھا گیا ہے۔ افعال کے معنے لکھنے کے بعد قوسین کے اندر ان کے مصادر درج کر دیئے ہیں، اور مصادر کے معنے لکھنے کے بعد ماضی اور مضارع معروف کے واحد مذکر غائب کے صیغوں کا ذکر کر دیا ہے۔

۴۔ افعالِ ثلاثی مجرد کی صورت میں معنوں کے بعد اُن کے ابواب بھی درج کر دیئے ہیں۔

۵۔ اگر کسی لفظ کے ایک حرف پر دو یا زیادہ حرکات ہوں، تو اُس کے یہ معنے ہیں، کہ اس حرف کے اعتبار سے اس لفظ کے دو یا زیادہ اوزان ہیں۔

أَلْبَابُ ٱلْأَوَّلُ

فِي ٱلْأَمْثَالِ عَنْ أَلْسِنَةِ ٱلْحَيَوَانَاتِ

١ - الثعلب والديك

١ : ٣ ثَعْلَب : لومڑی ج ثَعَالِب

دِيك : مُرغ ج دُيُوك ، أَدْيَاك ، دِيكَة

١ : ٨ أَيْقِظ : جگادے (إِيقَاظ)

١ : ٩ وَلَّى : پیٹھ پھیری ، مڑگیا (تَوْلِيَة)

١ : ١٠ إِنْتَقَضَ : ٹوٹ گیا (إِنْتِقَاض)

١ : ١١ أُجَدِّدُ : تجدید کرتا ہوں ، تازہ کرتا ہوں (تَجْدِيد)

٢ - ثعلب وضبع

١ : ١٣ ضَبُع : لگڑبھگا ، چرغ ، کفتار ج ضِبَاع ، أَضْبُع

١ : ١٤ إِطَّلَعَ فِي : جھانکا (إِطِّلَاع)

١ : ١٥ عَطِش : پیاسا

رِشَاء : ڈول کی رسی ج أَرْشِيَة

١ : ١٦ دَلْو : ڈول ج أَدْلِ ، دِلَاء ، دُلِيّ

۲ : ۱ اِنْحَدَرَتْ : نیچے اُتر گئی (اِنْحِدَار)

۲ : ۳ مُنْتَصِف : نصف ، آدھا

۲ : ۳ قَعْر : گہرائی ، تہ ج قُعُور

۲ : ۵ جُبْنَة : پنیر کا ٹکڑا (جُبْن ، جُبُنّ : پنیر)

۳ - الاسد والثعلب والذئب النمام

۲ : ۱۳ ذِئْب : بھیڑیا ج أَذْؤُب ، ذِئَاب ، ذُؤْبَان

نَمَّام : چغلخور

۲ : ۱۴ اِبْنُ الْجَوْزِيّ : (۵۱۰-۵۹۷ھ مطابق ۱۱۱۷-۱۲۰۱ء)

ابوالفرج کنیت ، عبدالرحمٰن نام ، جمال الدین حافظ لقب تھا۔ اپنے زمانے کے علامہ اور اپنے عہد میں حدیث اور فنِ وعظ کے امام تھے۔ بے شمار تصانیف کے مالک ہیں۔ کہتے ہیں، کہ ان کی تمام تصانیف کے اجزا جمع کیے گئے، اور ان کی عمر کا حساب کر کے اندازہ لگایا گیا ، تو اُن کی تصنیف کا اوسط فی یوم نو اجزا کے قریب نکلا۔

۲ : ۱۵ عَادَتْ : عیادت کی ، بیمار پرسی کی (عَادَ ، يَعُودُ ، عِيَادَةً)

سِبَاع : درندے (مفرد : سَبُع)

۲ : ۱۶ مَا خَلَا = خَلَا : سوا

نَمَّ : چغلی کھائی (نَمَّ ، يَنِمُّ ، نَمًّا)

۲ : ۲۵ : ۱۱ نِجَار : اصل، حسب

٣ : ١ فَوَارِس : (مفرد : فَارِس) شیر، سوار
٣ : ٢ أَصَبْتَ : تونے حاصل کیا یا پالیا (إِصَابَة)
٣ : ٣ خَرَزَة : منکا، مہرہ
عُرْقُوب : کھونچ، کونچ ج عَرَاقِيب
أَبُوجَعْدَة : بھیڑیئے کی کُنیت، بھیڑیا
(أَبُوجُعَادَة)
٣ : ٤ سَاق : پنڈلی ج سُوق، سِيقَان، أَسْؤُق
أَدْمَى : خون بہایا، زخمی کر دیا (إِدْمَاء)
٣ : ٦ إِنْسَلَّ : کھسک گیا (إِنْسِلَال)
٣ : ٧ خُفّ : بوٹ، زرد چمڑے کا موزہ ج خِفَاف

٧- يراعة وقرود

٣ : ١٠ يَرَاعَة : جگنو
قُرُود = قِرَدَة : (مفرد : قِرْد) بندر
٣ : ١١ يَتَّعِظُ : نصیحت حاصل کرتا ہے، عبرت پکڑتا ہے
(إِتِّعَاظ)
٣ : ١٢ يُغَامِرُ : جان سے بے پروا ہو کر لڑتا ہے (مُغَامَرَة)
يَعْطَبُ : ہلاک ہوتا ہے (عَطِبَ، يَعْطَبُ، عَطَبًا)
٣ : ١٤ إِلْتَمَسُوا : انہوں نے تلاش کی (إِلْتِمَاس)
٣ : ١٧ حَطَب : ایندھن ج أَحْطَاب

٣ : ١٨ يَنْفُخُونَ : وہ پھونکیں مارتے ہیں (نَفَخَ، يَنْفُخُ
نَفْخًا)

٣ : ١٩ يُوقِدُونَ : وہ آگ جلاتے ہیں (إِيقَاد)
يَصْطَلُونَ : وہ آگ تاپتے ہیں (إِصْطِلَاء)

٤ : ٣ لَا تَتْعَبُوا : نہ تھکو (تَعِبَ، يَتْعَبُ، تَعَبًا)

٤ : ٦ يَنْهَى : وہ روکتا ہے (نَهَى، يَنْهَى، نَهْيًا)

٤ : ٧ عَمَدَ إِلَى : متوجّہ ہوُا، قصد کیا (عَمَدَ، يَعْمِدُ،
عَمْدًا)

٤ : ٨ تَقْوِيم : اصلاح کرنا، اصلاح، درستی

٤ : ٩ لَا يَسْتَقِيمُ : وہ درست نہیں، اس میں استقامت
نہیں (إِسْتِقَامَة)
صُلْب : سخت، ٹھوس

٤ : ١١ عُود : لکڑی ج عِيدَان، أَعْوَاد
يَنْحَنِي : وہ جھکتا ہے، ٹیڑھا ہوتا ہے (إِنْحِنَاء)

٤ : ١٢ قَوْس : کمان ج قِسِيّ، أَقْوَاس، قِيَاس
أَبَى : اُس نے انکار کر دیا (أَبَى، يَأْبَى و يَأْبِي،
إِبَاءً و إِبَاءَةً)

٤ : ١٥ تَنَاوَلَ : ہاتھ میں لیا، پکڑا (تَنَاوُل)

٥ - الحمامتان

٤ : ١٧ حَمَامَتَان : دو کبوتر ج حَمَامَات، حَمَائِم

٤ : ١٩ مَلَأَ : ان دونوں نے بھر دیا (مَلَأَ، يَمْلَأُ، مَلْأً و مِلْأَةً)

عُشّ : گھونسلا جو درخت پر بنا ہو ج عِشَاش، أَعْشَاش، عِشَشَة

حِنْطَة : گندم ج حِنَط

شَعِير : جو

٥ : ٢ صَحَارٍ = صَحَارَى، صَحْرَاوَات : صَحْرَاء کی جمع

نَعِيشُ : ہم زندگی بسر کرتے ہیں (عَاشَ، يَعِيشُ، عَيْشًا و عِيشَةً و مَعَاشًا مَعِيشَةً)

٥ : ٣ شِتَاء : موسمِ سرما ج أَشْتِيَة، شُتِيّ

٥ : ٧ حَبّ : دانہ، اناج کا بیج ج حُبُوب

نَدِيّ : تر، بھیگا ہوا

٥ : ٨ إِنْطَلَقَ : روانہ ہو پڑا، چلا گیا (إِنْطِلَاق)

غَابَ : غائب ہو گیا (غَابَ، يَغِيبُ، غَيْبًا و غِيَابًا و غِيَابَةً)

٥ : ٩ صَيْف : موسمِ گرما ج أَصْيَاف

يَبِسَ : خشک ہو گیا، سوکھ گیا (يَبِسَ، يَيْبَسُ،

يُبْسًا)

۵ : ۹ ضَمُرَ : دُبلا پتلا ہوگیا (ضَمُرَ ، يَضْمُرُ ، ضُمُورًا)

۵ : ۱۴ يَنْقُرُ : وہ ٹھونگتا ہے (نَقَرَ، يَنْقُرُ، نَقْرًا)

۵ : ۱۵ تَنَدَّى : تر ہوگیا ، بھیگ گیا (تَنَدِّي)

۵ : ۱۷ تَنَدَّمَ : وہ پشیمان ہؤا (تَنَدُّم)

اِضْطَجَعَ : وہ لیٹ گیا ، پڑگیا (اِضْطِجَاع)

۶ : ۴ اِسْتَمَرَّ عَلَى : کسی چیز پر قائم رہا (اِسْتِمْرَار)

اَلْبَابُ الثَّانِي

فِي اللَّطَائِفِ

۶ - عبد الملك بن مروان والحجّاج

۷ : ۳ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ : خاندانِ بنی اُمیہ کا پانچواں خلیفہ، جو غیر معمولی قابلیّت اور قوت کا مالک تھا۔ ۶۸۵ء میں تخت پر بیٹھا، اور ۷۰۵ء تک حکومت کرتا رہا۔

أَلْحَجَّاج : شروع میں معلّمی پیشہ اختیار کیا۔ پھر خلیفہ عبدالملک کو اپنی قابلیت سے اِتنا متاثر کیا، کہ اُس نے اِسے مکہ معظمہ کے محاصرے کے لئے انتخاب کیا۔ حجاج نے مکہ معظمہ پر گولہ باری کی، اور حضرت ابن زبیر کو قتل کر کے آپ کا سر دمشق میں خلیفہ کے پاس بھیجا۔ اِس واقعے کے دو سال بعد حجاج کو کوفے کا گورنر مقرر کیا گیا، جہاں اُس کی سختی سے لوگ دہشت زدہ ہو گئے۔ اپنے زمانے کا مبغوض ترین انسان تھا۔ ۷۱۴ء

میں فوت ہؤا۔ اسی کے زمانے میں قرآن مجید کو
با اعراب لکھا گیا۔

۷ : ۵ بَيْتُ الْمَقْدِسِ : فلسطین کا مشہور شہر یروشلم، جس کی بنیاد داؤد علیہ السّلام نے رکھی، اور جسے سُلیمان علیہ السّلام نے مکمل کیا۔ اسلام سے پہلے انبیا کا قبلہ۔

۷ : ۶ لَهُ : ضمیر کا مرجع بَیْت ہے

۷ : ۷ صَاعِقَة : بجلی ج صَوَاعِق

۷ : ۸ اِحْتَرَقَ : جل گیا (اِحْتِرَاق)

۷ : ۹ عَظُمَ عَلَى : (بات) شاق گذری، تکلیف دہ ہوئی (عَظُمَ، يَعْظُمُ، عِظَمًا و عَظَامَةً)

۷ : ۱۴ اِبْنَا آدَمَ : آدم علیہ السّلام کے دو بیٹے ہابیل اور قابیل۔ دونوں نے خدا کی نیاز کی۔ ہابیل نے بہترین مال نیاز میں رکھا اور قابیل نے ردی مال۔ ہابیل کی نیاز قبول ہوئی اور قابیل کی نامنظور۔ یعنی اُس وقت کے دستور کے مطابق آسمان سے آگ آکر ہابیل کی نیاز کو جلا گئی۔ (دیکھو سُورۂ مائدہ رکوع ۵)

۷ : ۱۶ سُرِّيَ عَنْهُ : اُس کا غم یا فکر جاتا رہا (تَسْرِيَة)

٧ : ١٦ وَقَفَ عَلَى: وہ مطلع ہوا، اُسے خبر ملی، اُسے اطلاع ہوئی (وَقَفَ، يَقِفُ، وَقْفًا و وُقُوفًا)

٧- الفلاح الحكيم

٨ : ٢ فَلَّاح : کسان، مزارع ج فَلَّاحُون، فَلَّاحَة

٨ : ٣ يَغْرِسُ: وہ پودہ لگاتا ہے (غَرَسَ، يَغْرِسُ، غَرْسًا)

٨ : ٤ طَعَنَ فِي ٱلسِّنِّ: وہ عمر رسیدہ ہوگیا (طَعَنَ، يَطْعَنُ، طَعْنًا)

نَخْل : کھجور کا درخت

٨ : ٦ تُؤَمِّلُ : تو امید رکھتا ہے (تَأْمِيل)

تَمْر: کھجوریں ج تُمُور، تُمْرَان

٨ : ٧ يَحْمِلُ : وہ (درخت) پھل دیتا ہے (حَمَلَ، يَحْمِلُ، حَمْلًا)

٨ : ١٢ مَا أَعْجَلَ : کس قدر جلدی (فعلِ تعجب کا صیغہ)

أَثْمَرَ : (درخت نے) کھجوروں کا پھل دیا (إِثْمَار)

٨ : ١٣ إِسْتَحْسَنَ : اُس نے پسند کیا (إِسْتِحْسَان)

٨ - عفو معن بن زائدة عن أسراه

٩ : ١ مَعْنُ بْنُ زَائِدَة : ایک سخی اور شجاع امیر جس نے

بنی اُمیہ کا آخری زمانہ پایا۔ بنی عباس کے برسرِ اقتدار آنے سے پہلے وہ عراقَین کے گورنر یزید بن عمر کے پاس تھا۔ منصور عباسی اور امیرِ عراقَین کے درمیان معرکے ہوئے۔ یزید کے قتل کے بعد معن منصُور کے ڈر کے مارے رُوپوش ہو گیا۔ لیکن پھر ایک جنگ میں منصور کی حمایت میں لڑا۔ منصور نے اُسے معاف کر دیا، اور خراسان کا والی بنا دیا۔ آخری عمر میں تبدیل ہو کر سجستان گیا، جہاں ۱۵۱ھ (۷۶۹ء) میں خارجیوں کے ایک گروہ نے اُسے قتل کر ڈالا۔ معن کی سخاوت کے قصے مشہور ہیں۔ معن شاعر بھی تھا۔ اس کا کلام اعلیٰ ہے، اور اکثر اشعار شجاعت کے متعلق ہیں۔

أَسْرَى = أُسَرَاء، أُسَارَى : (مفرد: أَسِير) قیدی

۹ : ۲ عِدَّة : خاص تعداد، متعدد ج عِدَد

۹ : ۳ عَرَضَ عَلَى ٱلسَّيْفِ : قتل کیا، تلوار کے گھاٹ اُتارا
(عَرَضَ، يَعْرِضُ، عَرْضًا)

۹ : ۵ جُوع : بھوک

۹ : ۶ عَطَش : پیاس

۹ : ۸ حِينَئِذٍ : اُس وقت، تب

۹ : ۱۱ بَقَاء : زندگی، عمر

۹ : ۱۲ ضُیُوف = أَضْیَاف ، ضِیفَان : (مفرد: ضَیْف)
مہمان

۹ : ۱۷ سَرَّ : خوش کردیا (سَرَّ، یَسُرُّ، سُرُورًا و مَسَرَّۃً)

۹ : ۱۹ کِسْوَۃ : خلعت ، انعامی پوشاک ج کُسًی ،کِسَاء

۹ - المتنبئ والکتاب

۱۰ : ۱ أَلْمُتَنَبِّیُٔ : ایک بہشتی کا بیٹا۔ ۹۰۵ء میں پیدا ہوا ۔بچپن شام میں گذارا۔ دریاے فرات کے کنارے سماوہ کے شہر میں نبوت کا دعوی کرکے چند معتقدین کی جماعت پیدا کی ۔حمص کے جرنیل لُؤلُؤ نے اسے قید کرلیا۔پھر حلب کے حاکم سیفُ الدّولہ کے پاس ۹۴۸ء میں پہنچا ۔ نو سال تک بہت احترام سے اُس کے ہاں زندگی بسر کی ۔ پھر مصر کے بادشاہ کافور کے پاس چلا گیا ۔ وہاں سے ناراض ہو کر بغداد کی راہ لی ۔ بغداد سے شیراز کو سدھارا ، جہاں عضد الدولہ نے اس پر بہت مہربانی کی ۔ ایران سے واپس آتے وقت بدوؤں نے اُسے بغداد سے تھوڑے فاصلے پر ۹۶۵ء میں قتل کر ڈالا ۔

اس کے کلام کی بے حد تعریف کی گئی ہے ۔ اس کی ہردلعزیزی کے ثبوت میں اتنا ذکر کرنا بس

کرتا ہے کہ اُس کے دیوان کی چالیس سے زیادہ
شرحیں لکھی گئی ہیں۔
کِتَاب : مکتوب ج کُتُبٌ
۱۰ : ۲ إِمْتَدَحَ : مدح کی، تعریف کی (إِمْتِدَاح)
۱۰ : ۷ تَوَعَّدَ : دھمکی دی (تَوَعُّد)
۱۰ : ۸ إِسْتَعْطِفْ : نرمی سے مائل کر (إِسْتِعْطَاف)
خَاطِرٌ : دل ج خَوَاطِر
۱۰ : ۱۲ مُصَادَقَة : مخلصانہ دوستی
سِرٌّ : راز ج أَسْرَار ـ فِي ٱلسِّرِّ : درپردہ
لَمْ يَسَعْ : نہ وسعت دی، نہ گنجائش دی (وَسِعَ، يَسَعُ، سَعَةً)
۱۰ : ۱۳ إِمْتِثَال : اطاعت، فرماں برداری
۱۰ : ۱۷ يَدُسُّ : وہ جاسوسی کرتا ہے، وہ اِشارۃً سمجھاتا ہے
(دَسَّ، يَدُسُّ، دَسًّا و دِسِّيسَى)
۱۰ : ۱۶ خَتَمَ : مُہر لگانا (خَتَمَ، يَخْتِمُ)
۱۱ : ۱ إِرْتَحَلَ : کوچ کر گیا (إِرْتِحَال)
۱۱ : ۲ عَلَى ٱلْفَوْرِ : فوراً
۱۱ : ۴ مَلَأٌ : رؤسا، امرا، سردار لوگ ج أَمْلَاء
۱۱ : ۵ يَأْتَمِرُونَ : وہ مشورہ کرتے ہیں (إِيتِمَار)

١٠ – اولاد نزار عند الافعی

١١ : ١٢ أَوْلَادُ نِزَارٍ : اسمٰعیل علیہ السلام کی نسل میں ایک مشہور آدمی نزار ہو گذرا ہے ۔ نزار بنی عدنان میں سے تھا ۔ مضر ، ربیعہ ، ایاد اور انمار اس کے چار بیٹے تھے ، جنہوں نے اپنے باپ کی میراث کو آپس میں تقسیم کرکے عرب کے مختلف حصّوں میں رہائش اختیار کی ۔ بنو نزار کا زمانہ مسیح علیہ السّلام سے تین سو سال پیشتر کا ہے ۔

أَلْأَفْعَیٰ : الافعی بن الافعی جرہمی حکماے عرب میں سے تھا ۔ حجاز میں شہر نجران کا والی تھا اور اپنی عقل اور ذہانت کے لئے بہت مشہور تھا ۔ اپنے باپ کی میراث کے متعلق بنو نزار نے اپنا قضیہ اسی کے سامنے فیصلے کے لئے پیش کیا ۔ مسیح علیہ السّلام سے پہلے چوتھی اور تیسری صدی کے درمیان کا زمانہ پایا ۔

١١ : ١٤ نَجْرَان : عدن اور حضر موت کے درمیان پہاڑوں میں واقع ہے

١١ : ١٥ كَلَأٌ : تازہ روئیدگی ، سبزی ، گھاس ج أَكْلَاء

١١ : ١٦ بَعِير : اونٹ ج بُعْرَان ، أَبْعِرَة

١١ : ١٧ أَعْوَر : یک چشم ، کانا ج عُور ، عُورَان

أَزْوَر : رفتار میں ایک پہلو پر جھک کر چلنے والا

۱۱ : ۱۸ أَبْتَرَ : دُم بریدہ

۱۱ : ۱۹ شَرُود : راہ گم کردہ، ڈر کے مارے بھاگنے والا
ج شُرُد

۱۲ : ۷ دُلُّوا : پتہ دو، سُراغ دو (دَلَّ ، یَدُلُّ ، دَلَالَةً)

۱۲ : ۹ تَصِفُونَ : تم بیان کرتے ہو (وَصَفَ ، یَصِفُ ، وَصْفًا و صِفَةً)

۱۳ : ۱ وَطْأً : پاؤں تلے روندنا، کچلنا، دبانا (وَطِئَ ، یَطَأُ)
إِزْوِرَار : ایک پہلو پر جھک کر چلنا

۱۳ : ۲ بَتَرَ : دُم کا کٹا ہوا ہونا (بَتِرَ ، یَبْتَرُ)
بَعْر : مینگنی ج أَبْعَار
ذَیَّال : لمبی دم والا

۱۳ : ۵ أَلْمُلْتَفُّ نَبْتُهُ : جس کی گھاس یا سبزی (کثرت کے باعث) آپس میں اُلجھی ہوئی اور گتھم گتھا ہو (إِلْتِفَاف)
یَجُوزُ : وہ گذر جاتا ہے (جَازَ ، یَجُوزُ ، جَوْزًا وجَوَازًا)

۱۳ : ۸ رَحَّبَ : خوش آمدید کہا (تَرْحِیب)

۱۳ : ۹ أَضَافَ : اُس نے ضیافت کھلائی، اُس نے بطورِ مہمان خاطر کی (إِضَافَة)

اَلْبَابُ الثَّالِثُ

فِي الفكاهات

١١ - البرهان القاطع

١٤ : ٢ فُكَاهَات : (مفرد: فُكَاهَة) خوش طبعی کی باتیں

١٤ : ٣ بُرْهَان : دلیل ج بَرَاهِين

قَاطِع : قطعی ، ناطق ، دنداں شکن (دلیل)

١٤ : ٤ اِدَّعَى : دعوی کیا (اِدِّعَاء)

مَأْمُون : عباسی خلیفہ ہارُون الرّشید کا مشہور علم دوست بیٹا ، جس نے ۸۰۹ء سے لے کر ۸۳۳ء تک حکومت کی - اس کے عہد میں علوم وفنون کو بہت ترقی حاصل ہوئی ، اور یونانی زبان کے علمی ذخیرے عربی زبان میں منتقل ہوئے - ادبی لحاظ سے مامون کا زمانہ اسلامی خلافت کا بہترین زمانہ شمار کیا جاتا ہے -

١٤ : ٦ اِلْقَاء : ڈالنا (أَلْقَى ، يُلْقِي)

١٤ : ١٠ ثُعْبَان : لمبا اور موٹا سانپ ج ثَعَابِين

١٤ : ١٣ رَقَبَة : گردن ج رِقَاب ، رَقَب ، رَقَبَات

یَحْیَیٰ بْنُ اَکْثَم: (۱۵۹-۲۴۲ھ: ۷۷۶-۸۵۷ء)
کنیت ابو محمد - بہت مشہور فقیہ تھا - بیس برس کی عمر میں بصرے کا قاضی مقرر ہؤا - مامون نے اُس کے علم و عقل سے متاثر ہو کر اسے بغداد کا قاضی القضاۃ بنادیا - وزرائے سلطنت یحیی بن اکثم سے مشورہ کئے بغیر کسی کام کو ہاتھ نہ ڈالتے تھے - مامون کے زمانے میں بہت عزّت سے زندگی بسر کی - بعد میں حالات منقلب ہوتے رہے - خلیفہ متوکل نے پہلے اُسے والی مقرر کیا، پھر معزول کر دیا، اور اس کے اموال ضبط کر لئے - حج سے واپس آکر مقامِ رَبَذَۃ میں فوت ہؤا -

۱۵ : ۱ جَائِزَۃ : عطیہ، زادِ سفر ج جَوَائِز

۱۲ - طفیلی و مسافر

۱۵ : ۲ طُفَیْلِیٌّ : مفت خورہ، بن بلائے مہمان بننے والا - اہلِ کوفہ کے بنی عبد اللہ بن غطفان میں کا ایک آدمی طُفَیْل نامی تھا، جو بن بلائے دعوتوں میں چلا جاتا تھا - طُفَیْلِیٌّ اُس طُفَیْل کی طرف نسبت ہے -

۱۵ : ۳ صَحِبَ : ساتھی بنا، ساتھ دیا (صَحِبَ، یَصْحَبُ،

صُحْبَةٌ)

١٥: ٧ تَعِبَ = تَعْبَان : تھکا ماندہ

١٥: ٩ أُطْبُخْ : تو گوشت پکا (طَبَخَ ، يَطْبُخُ ، طَبْخًا)

١٥: ١١ إِثَّرِدْ : روٹی کے ٹکڑے کر کے شوربے میں ڈال (إِثِّرَاد)

١٥: ١٢ كَسْلَان : سست ج كُسَالَى ، كَسْلَى

١٥: ١٣ إِغْتَرِفْ : چلّو یا چمچے سے پانی لے لے ، (یہاں) شوربا ڈال (إِغْتِرَاف)

١٥: ١٤ إِرْتَوَى : خوب بھیگ گیا (إِرْتِوَاء)

ثَرِيد : روٹی کے ٹکڑے جو دودھ ، شوربے یا گوشت میں بھگوئے ہوئے ہوں ج ثَرَائِد

١٥: ١٧ إِسْتَحْيَيْتُ : میں شرمندہ ہوگیا (إِسْتِحْيَاء)

١٣- المحب الايجاز

١٦: ١ إِيجَاز : اختصار (أَوْجَزَ ، يُوجِزُ)

١٦: ٢ إِصْطَحَبَ : وہ ساتھی بنا کسی کے ساتھ رہا (إِصْطِحَاب)

١٦: ٤ يُحَمِّلُ : وہ لادتا ہے ، وہ بھیجتا ہے (تَحْمِيل)

رِسَالَة : پیغام ج رِسَالَات ، رَسَائِل

١٦: ٦ صَدْع : کسی سخت جسم میں شگاف یا دراڑ ج صُدُوع (صُدَاع : دردِ سر)

بُلِيَ : وہ مبتلا ہوا

وَجَع : درد ج أَوْجَاع ، وِجَاع

١٦ : ٧ أَضْرَاس = ضُرُوس : (مفرد : ضِرْس) ڈاڑھیں

[خَمْدَة] خَمْد : (آگ کا) نرم یا ہلکا پڑ جانا

(خَمَدَ ، يَخْمُدُ و خَمِدَ ، يَخْمَدُ)

أَنْفَاس : (مفرد: نَفَس) سانس

١٦ : ٨ فَتَرَ : سست یا ڈھیلا پڑ گیا (فَتَرَ ، يَفْتِرُ ،

فُتُورًا و فَتَارًا)

تَوَرَّمَ : سوج گیا (تَوَرُّم)

١٦ : ٩ شَخَصَتْ : (آنکھ) ابھر آئی ، ٹکٹکی بندھ گئی (شَخَصَ ،

يَشْخَصُ ، شُخُوصًا)

إِنْحَلَّ : کمزور پڑ گیا ، ڈھیلا پڑ گیا (إِنْحِلَال)

رُكْبَة : گھٹنا ج رُكَب و رُكُبَات

١٦ : ١٠ ظَهْر : پیٹھ ج ظُهُور ، أَظْهُر ، ظُهْرَان

ضَرَبَان : دردانگیز ضربیں - ٹیس

١٦ : ١١ هُزَال : دبلا یا پتلا ہونا (هَزَلَ ، يَهْزِلُ)

طِحَال : تلی ج طُحُل ، أَطْحِلَة ، طِحَالَات

أَوْصَال : (مفرد : وُصْل) جوڑ

١٦ : ١٢ خَفَقَان : دھڑکنا (خَفَقَ ، يَخْفِقُ)

١٦ : ١٢ صُلْب = صَلَب : پیٹھ کی ہڈی ج أَصْلَاب

١٦ : ١٤ إِرْتِخَاء : ڈھیلا ہونا ، سُست ہونا

حَنَك : تالو ج أَحْنَاك

نَبَضَان : دھڑکن ، ٹیس

١٦ : ١٥ صُدْغ : کنپٹی ج أَصْدَاغ

١٦ : ١٦ غَشَيَان : بے ہوشی (غُشِيَ عَلَيْهِ غُشْيًا و غَشَيَانًا) -

١٦ : ١٧ أَكْرَهُ : مَیں ناپسند کرتا ہوں (كَرِهَ ، يَكْرَهُ ، كُرْهًا وكَرَاهَةً وكَرَاهِيَةً)

١٦ : ١٨ أُطِيلُ : مَیں لمبا کرتا ہوں ، طُول دیتا ہوں (إِطَالَة)

١٧- المهدي والاعرابي

١٧ : ١ أَلْمَهْدِيّ : بنی عباس کا تیسرا خلیفہ ، جس نے ٧٧٥ء سے لے کر ٧٨٥ء تک حکومت کی ۔ خلیفہ منصور کا بیٹا تھا ، اور مُلْحِدین اور زِندیقوں کا جانی دشمن -

أَعْرَابِيّ : بدّو ج أَعْرَاب جج أَعَارِيب

١٧ : ٢ يَتَصَيَّدُ : وہ شکار کھیلتا ہے (تَصَيُّد)

غَارَ : نشیب کی طرف چلا گیا (غَارَ ، يَغُورُ ، غَوْرًا)

١٧ : ٣ خِبَاء : لکڑی یا اونٹ کے بالوں کا خیمہ ج أَخْبِيَة

۱۷ : ٤ قِرًى : مہمان نوازی، ضیافت (قَرَى ، يَقْرِي)

۱۷ : ۵ قُرْص : چپاتی ج أَقْرَاص، قِرَصَة ، قِرَاص

۱۷ : ۶ فَضْلَة : فالتو، بچی کھچی شے ج فَضَلَات، فِضَال

سَقَى : اس نے پلایا (سَقَى ، يَسْقِي ، سَقْيًا)

نَبِيذ : کھجوروں یا کشمش کی شراب ج أَنْبِذَة

۱۷ : ۷ رَكْوَة : مشکیزہ ج رَكَوَات ، رِكَاء

قَعْب : لکڑی کا پیالہ ج أَقْعُبُ ، قِعَاب ، قِعَبَة

۱۷ : ۱۰ خَدَم = خُدَّام : (مفرد : خَادِم) خدمتگار

۱۷ : ۱۵ قُوَّاد : (مفرد : قَائِد) کماندار

۱۷ : ۱۶ رَحُبَتْ : وسیع ہوئی، فراخ ہوئی (رَحُبَ ، يَرْحُبُ ، رُحْبًا)

۱۸ : ۲ أَوْكَى : مشک کا منہ بند کر دیا (أَوْكَى ، يُوكِي ، إِيكَاءً)

۱۸ : ۵ خَيْل : گھوڑے، رسالہ ج أَخْيَال ، خُيُول

۱۸ : ۶ طَارَ : اُڑ گیا، جاتا رہا (طَارَ ، يَطِيرُ ، طَيَرَانًا)

۱۸ : ۷ بَأْس : خطرہ ، ڈر

۱۵ - هارون الرشيد وجعفر مع الشيخ البدوي

۱۸ : ۱۰ هَارُونُ الرَّشِيدُ : خلفائے عباسیہ میں کا ایک

مشہور خلیفہ، جس نے ۷۸۶ء سے ۸۰۹ء تک حکومت کی۔ اس کے دربار میں بہترین شعرا، ماہرینِ لسانیات، واعظوں اور مؤرّخوں کی آمد و رفت رہتی تھی۔

جَعْفَر: ہارون الرشید کے وزیر یحییٰ کا بیٹا تھا، جس نے خلیفہ کی نگاہ میں بہت قدر و منزلت حاصل کر لی تھی۔ اس کی جُود و سخا کے قصّے زبانِ زدِ خلائق ہیں۔ فصاحت و بلاغت کا ماہر تھا۔ جب لوگوں نے خاندانِ برامکہ کے خلاف شکایات پہنچانی شروع کیں، تو ہارون کے تیور بدلے اور اُس نے جعفر کو ۱۸۷ھ مطابق ۸۰۴ء میں بغداد کے بڑے پُل پر پھانسی پر لٹکا دیا۔

١٢:١٨ أَبُو يَعْقُوبَ: ہارون الرشید کی خاص مجلسوں کا گویّہ اور افسانہ گو۔ اِسی لئے اِسے نَدِیم (محرم راز) کے لقب سے یاد کرتے ہیں۔

١٤:١٨ أَبُو نُوَاسِ: ہارون الرشید کا درباری شاعر۔ ۷۵۶ء میں خوزستان کے پایہ تخت اہواز میں پیدا ہوا۔ بصرے اور کوفے میں تعلیم حاصل کی۔ صحرا میں بدّوؤں کی معیت میں رہنے کے بعد بغداد کو

سدھارا، جہاں اس نے تمام درباری شعرا کو مات کر دیا۔ اپنی بدکرداری، شراب خواری اور ملحدانہ خیالات کے باعث کئی بار جیل جانا پڑا۔ شراب کے وصف میں جو اشعار اُس نے لکھے ہیں، اُنہیں اُس کا بہترین کلام شمار کیا جاتا ہے۔ اُس کے دیوان میں مدح، ہجو، مراثی، زہد سبھی قسم کے مضامین ملتے ہیں۔ ۸۱۰ء میں فوت ہؤا۔

١٥:١٨ مُتَّكِئٌ : تکیہ یا ٹیک لگانے والا

٣:١٩ مَازِحٌ : ٹھٹھا کر (مُمَازَحَة)

٤:١٩ بِحَقِّي عَلَيْكَ : تجھے میرے حق کی قسم

٧:١٩ تُكَافِئُ : تو بدلہ دیگا (مُكَافَأَة)

٩:١٩ أَنْصِتْ : غور سے سُن (إِنْصَات)

١٣:١٩ أَوَاقٍ = أَوَاقِيُّ : (مفرد : أُوقِيَّة) رطل کا بارھواں حصہ جو ۱½ اونس انگریزی کے برابر ہوتا ہے۔

هُبُوب : ہوا کا چلنا، روانی (هَبَّ، يَهُبُّ)

١٥:١٩ زَهْر : پھول، شگوفہ ج أَزْهُر، أَزْهَار، زُهُور

١٧:١٩ أَشْهُر : (مفرد : شَهْر) مہینے

۱۹ : ۱۹ دُقَّ : تُو کُوٹ (دَقَّ ، یَدُقُّ ، دَقًّا)

۲۰ : ۱ جَفْنَة : بڑا پیالہ ج جِفَان ، جَفَنَات

مَشْقُوقَة : شگاف دار

۲۰ : ۵ تُعَافَ : تجھے عافیت حاصل ہوگی (مُعَافَاة)

۲۰ : ۷ صَاقِع : جھوٹا، کذّاب

ذِقَن : ٹھوڑی (ڈاڑھی) ج أَذْقَان

۲۰ : ۸ لَطْمَة : تھپّڑ ج لَطَمَات

۲۰ : ۹ بَادَرَ : جلدی کی (مُبَادَرَة)

۲۰ : ۱۰ أُمُّ رَأْسٍ : دماغ

۲۰ : ۱۱ إِسْتَلْقَى : اپنی پشت پر لیٹ گیا (إِسْتِلْقَاء)

أَلْبَابُ الرَّابِعُ

فِي النَّوَادِرِ

۱۶- قُوَّةُ المستعصم

۲۱ : ۲ نَوَادِر : عجیب وغریب باتیں یا چیزیں، کمیاب اشیا (مفرد: نَادِرَة)

۲۱ : ۳ أَلْمُسْتَعْصِم : بنی عباس کا آخری (سینتیسواں[۳۷]) خلیفہ، جس پر خلافتِ عباسیہ کا خاتمہ ہو گیا۔ ۱۲۵۸ء میں ہلاکو خاں تاتاری نے بغداد پر حملہ کیا۔ خلیفہ کے رفقا کو قتل کیا گیا، اور خود خلیفہ کو جانوروں نے پاؤں تلے روندا۔ تاتاری بغداد میں داخل ہوئے۔ شہر کو مختلف حصّوں میں بانٹ کر باشندوں کو ۳۴ دن تک تہ تیغ کرتے رہے۔ مقتولین کی تعداد ۱۸ لاکھ بلکہ اس سے بھی زیادہ تھی ۔

سطوتِ مسلم بہ خاک و خوں تپید
دید بغداد آنچہ روما ہم ندید (اقبال)

۲۱ : ٤ بَطَل : بہادر، مردِ دلیر ج أَبْطَال

۲۱ : ۵ فَارِس : سوار، گھڑ چڑھا ج فُرْسَان، فَوَارِس

صِنْدِید : مضبوط، دلیر ج صَنَادِید

بَنُو الْعَبَّاس : رسولِ کریم کے چچا حضرتِ عباس کی اولاد میں سے جو خلفا بغداد کے تخت پر متمکن ہوئے، وہ خلفاے بنی العباس کہلائے۔ یہ خاندان ۷۵۰ء سے لے کر ۱۲۵۸ء تک برسرِ حکومت رہا۔ پہلا خلیفہ سفّاح اور آخری مستعصم تھا۔

۲۱ : ۷ إِبْنُ أَبِي دُؤَاد : ۱۶۰-۲۴۰ھ مطابق ۷۷۸-۸۵۵ء احمد نام، ابوعبداللہ کنیت۔ اعلیٰ درجے کا شاعر اور بامروّت انسان تھا۔ معتصم اور واثق کے زمانے میں قاضی بھی رہا۔ علم و ادب کا دلدادہ تھا۔

۲۱ : ۸ عَضِّ : دانت سے کاٹ (امر کا صیغہ) عَضَّ، يَعَضُّ، عَضًّا و عَضِيضًا)

سَاعِد : کلائی ج سَوَاعِد

۲۱ : ۱۱ أَرُومُ : میں قصد کرتا ہوں یا خواہش کرتا ہوں (رَامَ، يَرُومُ، رَوْمًا و مَرَامًا)

۲۱ : ۱۲ أَسِنَّة : نیزے کے پھل (مفرد : سِنَان)

۲۱ : ۱۳ أَسْنَان : دانت (مفرد : سِنّ)

۲۱ : ۱۴ طَعَنَ : نیزہ مارا (طَعَنَ ، یَطْعُنُ ، طَعْنًا)

أَلْخَوَارِج : خارجی فرقہ - جنگِ صِفّین میں جب حضرتِ علی نے یہ منظور کر لیا، کہ حضرتِ معاویہ اور اُن کے باہمی نزاع کا فیصلہ ثالث کر دیں، تو حضرتِ علی کی سپاہ کے بہت سے آدمی بگڑ بیٹھے - اُن کا خیال تھا، کہ چونکہ حضرتِ علی باقاعدہ منتخب ہوئے تھے، اِس لئے انہیں ثالثی کا طریق منظور نہیں کرنا چاہیئے تھا - تقریبًا ۱۲ ہزار سپاہی اُن کی فوج سے علٰحدہ ہو کر ان کی مخالفت پر کمربستہ ہو گئے -

۲۱ : ۱۵ دِرْع : زرہ ج دِرَاع ، دُرُوع ، أَدْرُع

۲۱ : ۱۶ قَصِمَ : ٹوٹ گیا (قَصَمَ ، یَقْصِمُ ، قَصْمًا)

رُمْح : نیزہ ج رِمَاح ، أَرْمَاح

۲۲ : ۱ یَمْحُو : وہ محو کرتا ہے ، وہ مٹا دیتا ہے (مَحَا ، یَمْحُو ، مَحْوًا)

۲۲ : ۲ عَمُود : لٹھ ، سونٹا ج أَعْمِدَة

حَدِید : لوہا

یَلْوِي : وہ مروڑتا ہے ، بل دیتا ہے ، موڑتا ہے

(لَوَى، يَلْوِي، لَيًّا ولُوِيًّا)

٣:٢٢ طَوْق : ہار، مالا، حلقہ ج أَطْوَاق

عُنُق : گردن ج أَعْنَاق

١٧-المريض والخنفساء

٤:٢٢ خُنْفَسَاء: گبریلا ج خَنَافِس

٥:٢٢ أَلْقَزْوِينِيُّ : ابو یحیی زکریا بن محمد بن محمود قزوینی خلیفہ مستعصم کے زمانے میں واسط اور حلّہ کا قاضی تھا۔ امام، عالم اور فقیہ تھا۔ اس کا نسب حضرتِ انس ابن مالک تک پہنچتا ہے۔ اس کی تصانیف میں سے دو کتابیں عجائب المخلوقات اور آثار البلاد بہت مشہور اور مفید ہیں۔ ٦٨٢ھ مطابق ١٢٨٤ء میں وفات پائی۔

٨:٢٢ قَرْحَة : زخم، ناسور

١٠:٢٢ طُرُق : (مفرد: طَرِيق) رستے، سڑکیں

١١:٢٢ دَرْب : گلی، کوچہ ج دُرُوب

هَاتُوا: تم لاؤ

١٣:٢٢ حُذَّاق : (مفرد: حَاذِق) ماہر

١٤:٢٢ بُدّ : چارہ، گریز

١٦:٢٢ تَذَكَّرَ: یاد کیا (تَذَكُّر)

۱:۲۳ ذَرَّ : چھڑکا، بکھیرا (ذَرَّ یَذُرُّ ، ذَرًّا)
رَمَاد : راکھ
بَرِئَ : وُہ تندرست ہوگیا (بَرِئَ ، یَبْرَؤُ، بُرْءًا)
۳:۲۳ یُعَرِّفُ : وُہ بتاتا ہے، مطلع کرتا ہے (تَعْرِیف)
۴:۲۳ أَخَسّ : خسیس ترین

۱۸- الخطیب والتلمیذ

۵:۲۳ خَطِیب : فصیح و بلیغ مقرّر ، واعظ ج خُطَبَاء
تِلْمِیذ: شاگرد ج تَلَامِیذ ، تَلَامِذَة
۶:۲۳ صِقِلِّیَة : جزیرہ سسلی ، جو اٹلی کے جنوب اور افریقہ کے شمال میں ہے۔
۷:۲۳ أَرْخِیلُوخُوس: مسیح علیہ السّلام سے ۷۰۰ سال پیشتر جزیرۂ باروس میں پیدا ہُوا۔ فنِ خطابت اور علمِ ادب میں اسے یدِطولی حاصل تھا۔ شعر بھی کہتا تھا، لیکن اپنے کلام میں حدِ مناسب سے تجاوز کرکے بسا اوقات عُریاں ہوجاتا۔ اِس لیئے حکمائے یُونان اپنے بچّوں کو اس کے دیوان کے مطالعہ سے روکتے تھے۔ دھوکے سے قتل کیا گیا۔
۸:۲۳ خَطَابَة : فنِ تقریر
۱۱:۲۳ ضَمِنَ : ضمانت دی، ضامن ہُوا (ضَمِنَ ، یَضْمَنُ ،

ضَمْنًا و ضَمَانًا)

۲۳: ۱۳ أَتْقَنَ : اچھی طرح مطالعہ کیا، تکمیل تک پہنچایا (إِتْقَان)

حَاوَلَ : ارادہ کیا، خواہش کی (مُحَاوَلَة)

غَدْر : بیوفائی، غدّاری (غَدَرَ، يَغْدِرُ)

۲۳: ۱۶ إِقْنَاع : مطمئن کردینا، قائل کردینا

۲٤: ۷ نَشَأْتَ : تُو ہوگیا ہے (نَشَأَ، يَنْشَأُ، نَشْأً و نَشْأَةً)

۲٤: ۸ يَسْتَظْهِرُ على : غلبہ پالیتا ہے، غالب آتا ہے (إِسْتِظْهَار)

۲٤: ۹ بَيْض : انڈے ج بُيُوض (مفرد: بَيْضَة)

غُرَاب : کوّا ج أَغْرُب، غُرْب، غِرْبَان، أَغْرِبَة

۱۹ — کلب جاد بنفسه

۲٤: ۱۰ جَادَ بِنَفْسِهِ : وہ جان پر کھیل گیا، اُس نے خود کو ہلاکت میں ڈالا (جَادَ، يَجُودُ، جُودًا)

۲٤: ۱۱ تَنَزُّه : سیر

۲٤: ۱۲ صَيْد: شکار

رَبَّى : اُس نے تربیت کی، اُس نے پالا

۲٤: ۱٤ مُتَنَزَّهَات : سیر گاہیں، مقامات تفریح

۲۴: ۱۴ غِلْمَان : (مفرد: غُلَام) نوکر، غلام، خادم

۲۴: ۱۵ طَبَّاخ : باورچی

ثُرْدَة : روٹی کے ٹکڑے جو دودھ وغیرہ میں بھگوئے جائیں

۲۴: ۱۷ يُغَطِّي : وہ ڈھانپتا ہے (تَغْطِيَة)

۲۴: ۱۸ شُقُوق : (مفرد: شَقّ) دراڑیں، شگاف

أَفْعَى : ایک قسم کا بڑا، زہریلا سانپ ج أَفَاعٍ

كَرَعَنِي : پینے کے لئے برتن میں منہ ڈالا چسکی لگائی (كَرِعَ، يَكْرَعُ، كَرْعًا وكُرُوعًا)

۲۴: ۱۹ نَفَثَ : پھونک سے باہر نکالا (نَفَثَ، يَنْفِثُ، نَفْثًا)

سُمّ : زہر ج سُمُوم، سِمَام

۲۵: ۱ رَابِض : لیٹا ہوا، دبکا ہوا (رَبَضَ، يَرْبِضُ، رَبْضًا ورِبْضَةً ورُبُوضًا)

۲۵: ۳ خَرْسَاء : گونگی (مذکر: أَخْرَس)

(زَمِين : لنجا، مفلوج ج زَمْنَى وزَمَنَة ۵

۲۵: ٤ وَافَى : وہ آیا (مُوَافَاة)

۲۵: ۶ أَوْمَأَتْ : اس (عورت) نے اشارہ کیا (أَوْمَأَ، يُومِئُ، إِيمَاءً)

۲۵: ۷ نَبَحَ : بھونکا (نَبَحَ، يَنْبَحُ، نَبْحًا ونُبَاحًا)

۵ زَمْنَى : لنجی، مفلوج (غالباً زَمْنَان کی تانیث)

صَاحَ : چلّایا (صَاحَ ، یَصِیحُ ، صَیْحًا وصَیْحَۃً و صِیَاحًا)

۸:۲۵ لَجَّ : اس نے اصرار کیا (لَجَّ ، یَلِجُّ ، لَجًّا و لَجَاجًا ولَجَاجَۃً)

۹:۲۵ نَحُّوا : ایک طرف کردو ، دُور کردو (نَحّیٰ ، یُنَحِّي ، تَنْحِیَۃً)

۱۵:۲۵ طَفَرَ : کودا ، چھلانگ لگائی (طَفَرَ ، یَطْفِرُ ، طَفْرًا و طُفُوْرًا)

مَائِدَۃ : دسترخوان ، کھانے کی میز ، جس پر کھانے چُنے ہوں ج مَوَائِد ، مَائِدَات

۱۶:۲۵ تَنَاثَرَ : (پھٹ کر) بکھر گیا (تَنَاثُرٌ)

۱:۲۶ حَاشِیَۃ : کم درجے کے آدمی ج حَوَاشٍ

۴:۲۶ قُبَّۃ : گنبد ج قُبَب ، قِبَاب

ظَاهِر : باہر

۲۰ - یحییٰ بن خالد والفضل

۶:۲۶ یَحْیَی بْنُ خَالِدٍ : بلخ کے آتشکدۂ "نوبہار" کے بڑے پروہت کا لقب برمک تھا - خالد ایک برمک کا لڑکا تھا - اس لئے اس خاندان کو برمکی کہتے ہیں - خلیفۂ سفّاح اور منصور کے عہد میں خالد

سلطنت کے ممتاز عہدوں پر فائز رہا۔ اس کا بیٹا یحیی ہارون الرشید کی تعلیم و تربیت کا نگران مقرر ہُوا۔ جب خلیفۂ ہادی نے ہارون الرشید کی بجائے اپنے بیٹے جعفر کو اپنا جانشین مقرر کرنا چاہا، تو یحیی نے اسے اس امر سے باز رکھا۔ ہارون الرشید یحیی کا بہت ممنون تھا۔ چنانچہ تخت نشین ہوتے ہی اسے وزیرِ اعظم مقرر کیا، اور اپنی مُہر بھی اُسی کے سپُرد کر دی۔ جب برامکہ پر گردش کے دن آئے، تو ہارون الرشید نے یحیی کو عمر بھر کے لئے جیل خانے بھیج دیا۔ مامون کہا کرتا تھا کہ کفایت، بلاغت اور شجاعت میں یحیی بن خالد اور اُس کے بیٹوں کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔

فَصّ: نگینہ ج فُصُوص، أَفُصّ

۲۶ : ۱۰ سَفِینَة: کشتی، جہاز ج سُفُن، سَفَائِن، سَفِین

۲۶ : ۱۱ إِتَّكَأْتُ: میں نے ٹیک لگائی

لَوْح: تختہ ج أَلْوَاح

۲۶ : ۱۲ إِصْبَع: اُنگلی ج أَصَابِع

خَاتَم: مُہر ج خَوَاتِم

۲۶ : ۱۴ مِثْقَال٭: ڈیڑھ درہم کا وزن، سونے کا سکہ ج مَثَاقِیل

٭ مِثْقَال = ۴½ ماشے دِرْهَم = ۳ ماشے

تَطَيَّرْتُ: میں نے بُرا شگون لیا (تَطَیُّرٌ)

۱۵:۲۶ عُدْتُّ: میں واپس آیا، لوٹا (عَادَ، یَعُودُ، عَوْدًا)

۱۸:۲۶ حُوت: مچھلی ج حِیتَان، حِوَتَۃ، أَحْوَات

۳:۲۷ غَایَۃ: مقصود ج غَایَات، غَاي

الذل بعد العزّۃ

۶:۲۷ مِحَن: مصیبتیں، تکلیفیں، مشقّتیں (مفرد: مِحْنَۃ)

إِشْتَهَیْتُ: میں نے خواہش کی (إِشْتِھَاء)

قِدْر: ہانڈی ج قُدُور

سِجْن: جیل، قید خانہ ج سُجُون

۹:۲۷ قَصَبَۃٌ فَارِسِیَّۃٌ: پیالے کے مشابہ سرکنڈے یا بانس کا جوڑ یا دو جوڑوں کا درمیانی حصّہ

۱۲:۲۷ لِحْیَۃ: ڈاڑھی ج لِحًی

۱۳:۲۷ نَضِجَتْ: پک گئی (نَضِجَ، یَنْضَجُ، نُضْجًا)

۱۴:۲۷ تَفُورُ: (ہنڈیا) اُبلتی ہے (فَارَ، یَفُورُ، فَوْرًا و فُؤُورًا و فَوَرَانًا)

تَغْلِي: جوش کھاتی ہے (غَلَی، یَغْلِي، غَلْیًا و غَلَیَانًا)

فَتَتُّ: میں نے انگلیوں سے ٹکڑے ٹکڑے کیا (فَتَّ،

يَقُتُّ ، قَتًّا)

۱۵:۲۷ إِنْفَلَتَتْ : ہاتھ سے نکل گئی ، کھسک گئی (إِنْفِلَات)

۱۷:۲۷ أَلْتَقِطُ : مَیں چنتا ہوں (إِلْتِقَاط)

۱۸:۲۷ مَرَق : شوربا

أَلْبَابُ الْخَامِسُ

فِي الْحِكَايَاتِ

۲۱- ألهادي والخارجي

۲۸: ۳ أَلْهَادِي: بنی عباس کا چوتھا خلیفہ۔ خلیفہ ہارون الرّشید کا پیشرو۔ تقریبًا ایک سال اور دو مہینے کی خلافت کے بعد ۱۷۰ھ مطابق ۷۸۶ء میں وفات پائی۔

۲۸: ۴ أَلسُّكَّرْ دَان: (فارسی: شکّر دان) ایک نفیس کتاب کا نام جس میں آداب، نصائح، نادر اور ظریفانہ حکایات جمع کی گئی ہیں۔ شیخ عبداللہ بن احمد نے یہ کہانیاں بڑے بڑے شیوخ سے سُنیں، اور کتبِ تاریخ اور اماموں کی تصانیف سے انتخاب کیں۔ یہ کتاب ۷۵۵ھ مطابق ۱۳۵۴ء میں والئ مصر محمد بن حاجی (جو ملک الناصر محمد کا بیٹا تھا) کے لئے تیار کی گئی۔ مختلف اقسام کی کہانیوں کے باعث اس کا نام سُكَّرْ دَانُ السُّلْطَانِ رکھا گیا۔ مؤلفِ کتاب ۷۸۹ھ مطابق ۱۳۸۷ء میں فوت ہوا۔

۲۸ : ۸ حَاجِب : افسرِ اعلیٰ، شاہی دربان ج حُجَّاب، حَجَبَة
۲۸ : ۹ مَكَايِد : (مفرد : مَكِيدَة) حیلے، تدابیر، مکر
۲۸ : ۱٤ إِخْتَطَفَ : اُس نے اُچک لیا، چھین لیا (إِخْتِطَاف)
۲۹ : ۱ دَنَا : وہ قریب ہوا (دَنَا، يَدْنُو، دُنُوًّا)
يَعْلُو بِالسَّيْفِ : وہ تلوار سے ضرب لگاتا ہے، حملہ کرتا ہے (عَلَا، يَعْلُو، عُلُوًّا)
۲۹ : ۲ وَرَاء : پیچھے
أَوْهَمَ : وہم دلایا، شک میں ڈالا (إِيهَام)
۲۹ : ۵ مُسْرِع : جلدی کرنے والا (إِسْرَاع)
۲۹ : ۹ يَتَسَلَّلُونَ عَلَيْهِ : اسے دُور سے دیکھتے یا "تاکتے" ہیں [تَسَلُّل (لفظی معنے) : کھسک جانا]
۲۹ : ۱۰ عَاتَبَ : اُس نے عتاب کیا (مُعَاتَبَة، عِتَاب)

۲۲ - ان للعالم خالقا

۲۹ : ۱٤ دَهْرِيّ : مادہ پرست، منکرِ خالق
۲۹ : ۱٦ عَصْر : زمانہ، عہد ج أَعْصَار، أَعْصُر، عُصُور
أَبُو حَنِيفَة : (۸۰ـ ۱۵۰ھ مطابق ۷۰۰ـ ۷٦۸ء) امامِ اعظم نعمان بن ثابت - آپ بزّاز تھے حمّاد بن ابی سلیمان کی صحبت میں اٹھارہ برس رہ کر علمِ فقہ پڑھا۔ آپ چوٹی کے عالم، عامل، زاہد اور عابد تھے -

ہمیشہ اللہ کے سامنے گڑگڑاتے رہتے خلیفہ ابو جعفر منصور نے آپ کو کوفے سے بغداد بلا بھیجا۔ خلیفہ چاہتا تھا کہ آپ کو جج بنا دے، لیکن آپ نے انکار کر دیا۔ آپ کو سو سے زیادہ کوڑے لگائے، لیکن آپ انکار فرماتے رہے۔ آپ کی گفتگو بے حد شیریں اور دل آویز تھی، اور آپ کی پاک دامنی قابلِ رشک۔

۳۰: ۱، ۲ فَأَرْسَلَ هَارُونُ ٱلرَّشِيدُ إِلَى أَبِي حَنِيفَةَ: یہ کہانی امام سیوطی کی کتاب أَنِيسُ ٱلْجَلِيس سے لی گئی ہے۔ اصل کتاب میں یونہی مرقوم ہے لیکن یہ سہو ظاہر ہے، کیونکہ ہارون الرشید ۱۸۶ء میں امامِ اعظمؒ کی وفات سے اٹھارہ اُنیس سال بعد تخت نشین ہوا۔

۳۰: ۱۳ أَعْيَان: (مفرد: عَيْن) بڑے بڑے سردار، رؤسا، وزرا

۳۰: ۱۴ أَبْطَأْتَ: تو نے دیر لگا دی (إِبْطَاء)

۳۰: ۱۷ دِجْلَة: دریا کا نام، جو بغداد میں سے گزرتا ہے۔

۳۰: ۱۹ عَتِيقَة: پُرانی

۳۱: ۳ تَوَصَّلَ: پیوست ہو گیا (تَوَصُّل)

۳۱ : ۵ نَجَّار : بڑھئی ج نَجَّارُون

۲۳۔ عفوِ کریم

۳۱ : ۱۹ أَفْضَتْ إِلَى : پہنچی (إِفْضَاء)

۳۲ : ۲ بَنُو أُمَيَّةَ : حضرتِ علی کی شہادت پر خلافتِ راشدہ ختم ہوگئی - امیر معاویہ خلیفہ ہوگئے اور چونکہ وہ أُمَيَّة کی اولاد میں سے تھے ، اِس لئے ان کے خاندان کو بَنُو أُمَيَّة کہتے ہیں - بنی اُمیّہ ۹۰ سال (سنہ ۶۶۱ - ۷۵۰ ء) تک برسرِ حکومت رہے - اِس خاندان کا آخری خلیفہ مَرْوَان تھا -

إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ : ایک صاحبِ وقار ، ادیب اور عالم آدمی تھا - اُس کا باپ سلیمان بن عبدالملک اُموی خلیفہ تھا - اپنے باپ کی موت کے وقت ابراہیم چھوٹا تھا - جب بنی اُمیہ پر مصیبتیں نازل ہوئیں ، تو ابراہیم جان بچانے کے لئے بھاگ گیا - بعد ازاں پہلے عباسی خلیفہ ابو المنصور سفّاح نے اُسے امان دی ، اور اپنا ندیم بنا لیا - ابراہیم خلیفہ منصور کے عہد میں فوت ہوُا -

۳۲ : ۵ شَبِيبَة : نوجوانی

۳۲ : ۱۱ سَمْعًا وَطَاعَةً : مَیں سُنتا اور مانتا ہوں (أَسْمَعُ

سَمْعًا وَ أَطِيعُ طَاعَةً)

۳۲ : ۱۱ أَلْحِيرَة : کوفے سے ساڑھے تین میل کے فاصلے پر
ایک شہر تھا۔

شَارِع : سڑک ، راستہ ج شَوَارِع

۳۲ : ۱۵ ظَهْر : پشت ، پچھواڑا ج ظُهُور ، أَظْهُر ،
ظُهْرَان

۳۲ : ۱۶ أَعْلَام : (مفرد : عَلَم) جھنڈے

سُود : (مفرد : أَسْوَد ۔ مؤنث : سَوْدَاء) سیاہ

۳۲ : ۱۹ مُتَنَكِّر : بھیس بدلنے والا (تَنَكُّر)

۳۳ : ۳ رَحْبَة : آنگن ، صحن ج رِحَاب ، رَحَب ، رَحَبَات

۳۳ : ٤ وَسِيم : خوبصورت ، خوش شکل ج وُسَمَاء ، وِسَام

۳۳ : ۵ أَتْبَاع : (مفرد : تَبَع) پیرو ، فرماں بردار

۳۳ : ۸ يَسْتَجِيرُ : وہ پناہ طلب کرتا ہے (إِسْتِجَارَة)

۳۳ : ۱۰ تَلِي : وہ قریب ہے (وَلَى و وَلِيَ ، يَلِي ،
وَلْيًا)

۳۳ : ۱۶ تُدْمِنُ : تو عادی ہے (إِدْمَان)

۳٤ : ۲ ثَأْر : خون کا بدلہ ، انتقام ج أَثْآر ، آثَار

۳٤ : ٤ قَدَر : قسمت ، تقدیر ج أَقْدَار

سَاقَ : چلایا ، ہانکا (سَاقَ ، يَسُوقُ ، سَوْقًا

(سِيَاقَةً و مَسَاقًا)

۳۴ : ۵ حَتْف : موت ج حُتُوف

۳۴ : ۱۳ خُطْوَة : قدم ج خُطًى ، خُطُوَات

۳۴ : ۱۷ أَضْجَرَ : تنگ کیا ، دق کر دیا (إِضْجَار)

۳۵ : ۶ أَخْفِرُ : مَیں عہد توڑتا ہوں (خَفَرَ ، يَخْفِرُ ، خَفْرًا و خُفُورًا)

۳۵ : ۸ آمَنُ : مَیں بے خوف ہُوں ، مَیں امن میں ہُوں (أَمِنَ ، يَأْمَنُ ، أَمْنًا و أَمَانًا و أَمَنَةً)

۲۷ - عبد الله بن المبارك والعجوز

۳۵ : ۱۴ عَبْدُ ٱللّٰهِ بْنُ ٱلْمُبَارَكِ : (۱۱۸-۱۸۱ھ مطابق ۷۳۶-۷۹۸ء)
فاضل علمائے اسلام میں سے تھے ۔ علم و زہد کے لئے مشہور تھے ۔ سفیان ثوریؒ اور امام مالکؒ سے علم فقہ پڑھا ۔ خلوت کے بہت دلدادہ تھے ۔ آپ اور آپ کے والدِ ماجد دونوں بہت متقی تھے ۔ اشعار کہتے اور دانائی کی باتیں فرماتے ۔ آپ کا قول تھا کہ تَعَلَّمْنَا ٱلْعِلْمَ لِلدُّنْيَا ، فَدَلَّنَا عَلَى تَرْكِ ٱلدُّنْيَا ۔

۳۵ : ۱۹ سَوَاد : تاریکی ، سیاہی

۳۶ : ۱ دِرْع : پیراہنِ زن ، عورت کی کُرتی ج أَدْرَاع

۳۶:۷ خِمَار : اوڑھنی ج خُمُر ، أَخْمِرَة

۳۶:۹ أَسْرَى ب : رات کے وقت سفر کرایا (إِسْرَاء)

۳۶:۱۰ أَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ : (پاک مسجد) خانہ کعبہ

أَلْمَسْجِدُ الْأَقْصَى : (بعید ترین مسجد) بیت المقدس

جس کی زیارت کے لئے لوگ دُور دراز علاقوں

سے سفر کرتے ہیں -

۳۶:۱۱ قَضَتْ : اس عورت نے ادا کیا (قَضَى ، يَقْضِي ،

قَضَاءً)

۳۶:۱۴ سَوِيّ : برابر ، صحیح وسالم

۳۶:۱۸ تَيَمَّمُوا : تم قصد کرو ، ارادہ کرو ، لو (تَيَمُّم)

صَعِيد : مٹّی ج صُعُد ، صُعُدَات

۳۷:۳ تَطَوَّعَ : اُس نے اپنی خوشی سے کیا (تَطَوُّع)

شَاكِر : شکر گزار ، قدردان

۳۷:۴ أُبِيحَ : مباح کیا گیا ، جائز قرار دیا (إِبَاحَة)

إِفْطَار : روزہ کھولنا ، روزہ نہ رکھنا

۳۷:۸ يَلْفِظُ : وہ تلفظ کرتا ہے ، وہ بولتا ہے (لَفَظَ ،

يَلْفِظُ ، لَفْظًا)

لَدَيْهِ : اُس کے پاس

رَقِيب : نگہبان ، چوکیدار ، محافظ ج رُقَبَاء

عَتِید: تیّار

۳۷: ۱۰ لَا تَقْفُ: پیچھے نہ ہو، پیچھے نہ پڑ (قفا، یقفو، قَفْوًا و قُفُوًّا)

۳۷: ۱۱ فُؤَاد: دل ج أَفْئِدَة

۳۷: ۱۳ تَثْرِیب: سرزنش، ملامت

۳۷: ۱۸ أَنَخْتُ: میں نے اونٹ کو بٹھایا (إِنَاخَة)

۳۷: ۱۹ یَغُضُّونَ: وہ اپنی نظریں نیچی کرتے ہیں (غَضَّ، یَغُضُّ، غَضًّا)

۳۸: ۲ نَفَرَتْ: بدک گئی، ڈر گئی (نَفَرَ، یَنْفِرُ، نُفُورًا و نِفَارًا)

مَزَّقَتْ: اُس (مؤنث) نے پھاڑ ڈالا (تَمْزِیق)

۳۸: ۵ أَعْقِلُ: میں اونٹ کا گھٹنا باندھتا ہوں (عَقَلَ، یَعْقِلُ، عَقْلًا)

۳۸: ۸ سَخَّرَ: مطیع کیا، فرماں بردار بنایا (تَسْخِیر)

۳۸: ۹ مُقْرِن: إِقْرَان کا اسم فاعل۔ أَقْرَنَ لِلْأَمْرِ: اس کام کی طاقت رکھتا تھا، اس پر غالب آیا

۳۸: ۱۰ زِمَام: مہار، نکیل ج أَزِمَّة

۳۸: ۱۱ إِقْصِدْ: میانہ روی اختیار کر، اعتدال سے کام لے (قَصَدَ، یَقْصِدُ، قَصْدًا)

۱۲:۳۸ رُوَيْدًا، رُوَيْدًا : ٹھہر ٹھہر کر

۱۳:۳۸ أَتَرَنَّمُ : میں گاتا ہوں (تَرَنُّم)

۱۴:۳۸ تَيَسَّرَ : میسر آیا، آسان ہوا (تَيَسُّر)

۱۶:۳۸ أُولُوا الْأَلْبَاب : (مفرد : ذُو اللُّبِّ) اہلِ دل، اہلِ عقل، دانا لوگ

۱۹:۳۸ تُبْدَى : وہ ظاہر کی جاتی ہے (إِبْدَاء)

تَسُوءُ : وہ بری لگتی ہے (سَاءَ، يَسُوءُ، سَوْءً)

۷:۳۹ أَدِلَّاء : (مفرد : دَلِيل) رہبر

رَكْب : قافلہ، دس سے زائد سواروں کی پارٹی ج أَرْكُب، رُكُوب

۸:۳۹ عِمَارَات : (مفرد : عِمَارَة) چھوٹے قبائل، عمارتیں

۱۳:۳۹ شُبَّان : (مفرد : شَابّ) نوجوان (۱۶ سے ۳۰ سال تک کی عمر کا)

أَقْمَار : (مفرد : قَمَر) چاند

۱۴:۳۹ إِسْتَقَرَّ بِهِمُ الْجُلُوسُ : آرام سے بیٹھ گئے

۱۵:۳۹ وَرِق، وُرْق : چاندی کا سکہ ج أَوْرَاق، وِرَاق

۱:۴۰ هَنِيء : مبارک، خوشگوار

أَسْلَفْتُمْ : تم نے پیشگی ادا کیا (إِسْلَاف)

خالیۃ: گذشتہ

٤٠: ٥ تَزِلُّ: وہ لغزش کھاتی ہے (زَلَّ، یَزِلُّ، زَلَّۃً و مَزَلَّۃً)

یَسْخَطُ: وہ ناراض ہوتا ہے (سَخِطَ، یَسْخَطُ، سَخَطًا)

۲۵ - رجلان کریمان

٤٠: ١٠ سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ: بنی اُمیّہ کا خلیفہ ۹۶ھ میں اُس کے ہاتھ پر بیعتِ خلافت ہوئی اور ۹۹ھ میں سلیمان کا انتقال ہوگیا۔

٤٠: ١١ خُزَیْمَۃُ بْنُ بِشْرٍ: سلیمان بن عبدالملک نے اسے جزیرے کا والی بنایا۔ قبیلۂ بنی اسد میں سے تھا۔ اپنی مروّت اور جود و سخا کے باعث بہت مشہور تھا۔ خلیفۂ ہشام کے زمانے میں ۱۰۸ھ مطابق ۷۲۷ء میں فوت ہوًا۔

٤٠: ١٣ مُوَاسَاۃ: خیر خواہی کرنا، ہمدردی کرنا، مدد کرنا (آسٰی، یُؤَاسِي)

٤٠: ١٦ یَتَفَضَّلُ علی: وہ مہربانی کرتا ہے، عزت افزائی کرتا ہے (تَفَضُّل)

٤٠: ١٨ مَلُّوا: وہ دق ہوگئے، اُکتا گئے (مَلَّ، یَمَلُّ،

مَلَلًا و مَلَالًا)

لَاحَ : ظاہر ہُوا (لَاحَ ، یَلُوحُ ، لَوْحًا)

۲:۴۱ مَا عَهِدْتُّ مِنْهُمْ : جو (سلوک) مَیں نے اُن کی طرف سے دیکھا (عَهِدَ ، یَعْهَدُ ، عَهْدًا)

۴:۴۱ أَغْلَقَ : بند کر دیا (إِغْلَاق)

یَتَقَوَّتُ : وہ گذارہ کرتا ہے (تَقَوُّت)

۵:۴۱ نَفِدَ : ختم ہو گیا (نَفِدَ ، یَنْفَدُ ، نَفَدًا و نَفَادًا)

۶:۴۱ حَائِر : متحیر

۷:۴۱ عِکْرِمَة : ایک سخی اور رئیس آدمی تھا ، جو کچھ مدّت جزیرے کا والی رہا ۔ پھر سلیمان بن عبدالملک نے اُسے ارمینیہ کی ولایت میں تبدیل کر دیا ۔ کثرتِ کرم کے باعث فیّاض مشہور تھا ۔ ۱۰۲ھ مطابق ۷۲۱ء میں فوت ہوا ۔

اَلْجَزِیرَة : میسوپوٹیمیا ، عراقِ عرب

۸:۴۱ مَعَارِف : (مفرد : مَعْرِف) دوست ، شناسا

۴۱ : ۱۲ أَشْقَى : بہت شقی ، بہت بدبخت ، بہت زبُون

۴۱ : ۱۶ أَمْسَكَ عن : رک گیا ، باز رہا (إِمْسَاك)

۴۱ : ۱۷ مَنْزِلَة : رتبہ ، درجہ ، مرتبہ ج مَنَازِل

۴۲ : ۲ كِيس : تھیلی ج أَكْيَاس ، كِيَسَة

۴۲ : ۳ إِسْرَاج : زین کسنا

دَابَّة : حیوان ، لادو ، بار برداری کا جانور ، خچر ج دَوَابّ

۴۲ : ۶ أَنْصَفَ : نصف کو پہنچا ، آدھا ہوگیا (إِنْصَاف)

۴۲ : ۸ سَلَّمَ إلى : حوالے کردیا (تَسْلِيم)

۴۲ : ۱۰ قَرَعَ : کھٹکھٹایا (قَرَعَ ، يَقْرَعُ ، قَرْعًا)

۴۲ : ۱۱ تَنَكَّرَ : تبدیل کرلیا (تَنَكُّر)

۴۲ : ۱۴ ذَيْل : دامن ج ذُيُول ، أَذْيَال ، أَذْيُل

۴۳ : ۱ جَابِر : شکستہ ہڈیوں کو درست کرنے والا ، چارہ ساز

عَثَرَات : (مفرد : عَثْرَة) لغزشیں

كِرَام : (مفرد : كَرِيم) شریف ، سخی لوگ

۴۳ : ۲ إِيضَاح : وضاحت سے بیان کرنا (أَوْضَحَ ، يُوضِحُ)

۴۳ : ۴ أَبْشِرِي : تو (مؤنث) خوش ہوجا ، مسرور ہوجا

(إِبْشَار)

٥:٤٣ فَرَج : غم کے بعد کی مسرّت ، کشائش

أَسْرِجِي : تو (مؤنث) دیا جلا (إِسْرَاج)

٨:٤٣ زَيْت : تیل ج زُيُوت

بَاتَ : اس نے رات کاٹی (بَاتَ ، يَبِيتُ ، بَيْتًا و مَبِيتًا)

يَلْمِسُ : وہ چھوتا ہے ، وہ ٹٹولتا ہے (لَمَسَ ، يَلْمِسُ ، لَمْسًا)

٨:٤٣ خُشُونَة : درشتی

١٠:٤٣ هَدْأَة : رات کا حصّہ

١٥:٤٣ نَاحَتْ : نوحہ کیا ، چلّائی (نَاحَ ، يَنُوحُ ، نَوْحًا)

أَلَحَّتْ : اس (مؤنث) نے الحاح کیا ، اصرار کیا ، پیہم درخواستوں سے دق کر دیا (إِلْحَاح)

١٦:٤٣ بُدّ : چارہ ، گریز

١٧:٤٣ أُكْتُمِي : تو (مؤنث) چھپائے رکھ (كَتَمَ ، يَكْتُمُ ، كَتْمًا وكِتْمَانًا)

١٨:٤٣ لَا تُبَالِ : تو پروا نہ کر ، تو فکر نہ کر (مُبَالَاة)

٢:٤٤ غُرَمَاء : (مفرد : غَرِيم) ساہوکار ، قرض خواہ

٣:٤٤ تَجَهَّزَ : تیاری کی (تَجَهُّز)

٩:٤٤ أَبْطَأَ: اس نے دیر لگا دی، اُس نے روکا (إِبْطَاء)
١١:٤٤ نَهْضَة إِلی: روانگی
١٦:٤٤ يُطْرَقُ: کھٹکھٹایا جاتا ہے (طَرَقَ، يَطْرُقُ، طَرْقًا)
١٧:٤٤ كَيْتَ وَكَيْتَ: اس اس طرح
٣:٤٥ تَلَهَّفَ: افسوس کیا، حسرت زدہ ہُوا، غمگین ہُوا (تَلَهُّف)
٦:٤٥ عَلَيَّ ب: میرے پاس لاؤ
٨:٤٥ أَجْزَلَ ل: فیاضانہ عطیہ دیا (إِجْزَال)
١٣:٤٥ عَزْل: معزولی (عَزَلَ، يَعْزِلُ، عَزْلًا)
١٩:٤٥ فَضَلَ عَلَيْهِ: اس کے ذمّے زائد نکلا (فَضَلَ، يَفْضُلُ، فَضْلًا)
٧:٤٥ يَصُونُ: نگہداشت کرتا ہے، بچاتا ہے (صَانَ، يَصُونُ، صَوْنًا وصِيَانًا وصِيَانَةً)
عِرْض: عزت، نیکنامی ج أَعْرَاض
٨:٤٦ كُبِّلَ: اُسے بیڑیاں پہنائی گئیں (تَكْبِيل)
ضُيِّقَ عَلَيْهِ: اس پر سختی کی گئی
٩:٤٦ أَضْنَى: اس نے کمزور و ناتوان کر دیا، گھلا دیا (إِضْنَاء)

۴۶ : ۱۰ أَضَرَّ بِهِ : اسے ضرر پہنچایا (إِضْرَار)

۴۶ : ۱۱ جَزِعَتْ عَلَيْهِ : اس (مؤنث) نے اس پر ترس کھایا، وہ متفکّر ہوئی (جَزِعَ، يَجْزَعُ، جَزَعًا وجُزُوعًا)

۴۷ : ۹ قَاع : پست ہموار زمین ج قِيعَان ، أَقْوَاع ، أَقْوُع [قَاعَةُ الدَّارِ : آنگن، صحن ج قَاعَات]

۴۷ : ۱۲ أَخْشَمَ : شرمندہ کر دیا (إِخْشَام)

۴۷ : ۱۳ نَكَّسَ : جھکا دیا (تَنْكِيس)

۴۷ : ۱۴ أَكَبَّ على : جھک گیا (إِكْبَاب)

قَبَّلَ : بوسہ دیا، چوما (تَقْبِيل)

۴۷ : ۱۹ تُفَكُّ : کھولی جاتی ہے (فَكَّ، يَفُكُّ، فَكًّا)

۴۸ : ۲ يَنَالُ : پہنچتا ہے (نَالَ، يَنَالُ، نَيْلًا)

۴۸ : ۵ وَدَّعَ : خیرباد کہا، الوداع کہا (تَوْدِيع)

۴۸ : ۸ أُخْلِيَ : خالی کرایا گیا (إِخْلَاء)

۴۸ : ۹ تَوَلَّى : اپنے ذمے لیا، ذمہ دار ہوا (تَوَلِّي)

۴۸ : ۱۰ خَلَعَ عَلَيْهِ : اسے خلعت پہنائی (خَلَعَ، يَخْلَعُ، خَلْعًا)

۴۸ : ۱۳ أَلرَّمْلَة : فلسطین کا ایک مشہور شہر، جو بیت المقدس سے ایک دن کی مسافت پر واقع ہے۔

۴۸: ۱۶ رَاعَ : ڈرا دیا (رَاعَ، یَرُوعُ، رَوْعًا)

۴۸: ۱۸ مَعَ قُرْبِ الْعَهْدِ بِهٖ : باوجودیکہ اُسے ملاقات کئے تھوڑا عرصہ گذرا ہے۔

۴۸: ۱۹ مَاوَرَاءَكَ : کیا خبر لایا ہے؟ [تیرے پیچھے کیا (حال) ہے؟]

۴۹: ۷ رَحَّبَ بِ : خوش آمدید کہا، مرحبا کہا (تَرْحِيب)

أَدْنَى : قریب کیا، نزدیک کیا (إِدْنَاء)

۴۹: ۱۴ تُحَفٌ* : (مفرد : تُحْفَة) تحفے

وَلَّى : والی بنایا، حاکم مقرر کیا (تَوْلِيَة)

۴۹: ۱۵ أَرْمِينِيَة : سلطنتِ ترکیہ کے زرخیز ترین علاقوں میں سے ہے، جس میں طرابزند وغیرہ مشہور مقامات ہیں۔ رُوس نے جنگِ عظیم سے پہلے اس کا بہت بڑا حصہ، جس میں تفلیس بھی شامل تھا، اپنے زیرِ اثر کر رکھا تھا، جس کے باعث یہ علاقہ دو حصوں میں بٹ کر روسی ارمینیہ اور ترکی ارمینیہ کہلاتا تھا۔ ارزروم ترکی ارمینیہ میں واقع تھا۔

أَذْرَبِيجَان : آذربیجان (آگ کا قطعہ یا علاقہ) ایران کے ایک صوبے کا نام ہے، جس میں تبریز واقع ہے۔ اس علاقے میں فتنے پیدا

* طُرَفٌ : (مفرد : طُرْفَة) نوادر

ہوئے، اور بہت لڑائیاں ہوئیں، جن کے باعث اس کے اکثر شہر اُجڑے پڑے ہیں۔ مسلمانوں نے حضرتِ عمرؓ کے عہد میں حذیفہ ابن الیمان کے زیرِ قیادت ۲۲ھ مطابق ۶۴۴ء میں اس سرزمین کو فتح کیا۔

مقبول عام پریس، لاہور میں باہتمام منشی غلام احمد پرنٹر طبع ہوئی